## سوال

(520)تین بیویاں ایک بیٹی اور ایک بھائی

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

علمائے دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ شاہ محمد عبدالرزاق صاحب فوت ہوگئے ہیں اور ان کے شرعی وارثوں میں زوجہ اول مسحین بی بی زوجہ دوم مہتاب بی بی زوجہ سوم محمدی بی بی مسحین بی بی کے بطن سے ایک بیٹی پیرون بی بی اور ایک حقیقی بھائی شاہ عبدالکریم ہیں پس ان میں سے ہر ایک کو کتنا حصہ ملے گا؟ کون وراثت سے محروم ہوگا؟ ہر ایک کا حصہ الگ الگ بیان فرمادیں کرسی نامہ ذیل میں مندرج ہے۔

شاہ عبدالرزاق :۔

بی بی مسحین زوجہ اولی بی بی مہتاب زوجہ ثانیہ بی بی محمدی زوجہ ثالثہ بی بی پیرون دختر شاہ محمد عبدالکریم برادر حقیقی)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعد تقدیم ما تقدم علی الارث ورفع موانعہ شاہ محمد عبدالرزاق کا ترکہ چوبیس (24) حصوں میں تقسیم کیا جائے گا ان میں سے ایک ایک حصہ تین بیویوں میں سے ہر ایک بیوی کا ہے بارہ حصے بیٹی کے اور باقی کے نو(9)حصے حقیقی بھائی کو ملیں گے)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

**کتاب الفرائض، صفحہ:759**

محدث فتویٰ